© rasailojaraid.com



مولانا عبدالقیوم حقانی

# تعارف و تبصرۂ کتب

**ماہنامہ البیان** | زیر سرپرستی :۔ پروفیسر مولانا محمد اشرف خان صاحب سلیمانی ۔ مدیر مسئول ۔ مولانا فضل حق صاحب حقانی (فاضل دارالعلوم حقانیہ) پتہ :۔ سلیمان اکیڈمی (اشرف منزل) نزد اسلامیہ کالج پشاور

سالانہ چندہ ۳۰ روپے ۔ فی پرچہ ۳ روپے

عالم اسلام کے موجودہ دور زوال و انتشار میں جب کہ لادینیت ، مادیت اور مغربیت کا عالمگیر سیلاب پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے رہا ہے ۔ اہل اسلام کی عموماً اور وارثان علوم نبوت کی خصوصاً ذمہ داریاں پہلے سے کئی گنا زیادہ ہوگئی ہیں ۔ بس یہی احساس تھا جس نے سلیمانی علوم و معارف کے امین و شارح حضرت مولانا پروفیسر محمد اشرف خان صاحب سلیمانی کو مدتوں بے قرار رکھا ۔ آخر ان ہی کے ذریعہ " سلیمان اکیڈمی " کے قیام کی صورت میں ایک کونپل پھوٹی جو دیکھتے ہی دیکھتے ایک سرسبز و شاداب اور تناور درخت کی شکل اختیار کر گئی ۔ جس نے سلوک سلیمانی (۲ جلد ) نصاب تبلیغ (فارسی) فضائل درود شریف (فارسی) اور نبی الرحمہ (عربی) جیسی اہم کتابیں شائع کیں ۔ اور اب علمی و ادبی حلقوں کو یہ سن کر مسرت ہوگی کہ سلیمان اکیڈمی نے شوال ۱۴۰۳ھ سے ایک ماہنامہ " البیان " کے اجراء کا ایک اور انقلابی قدم اٹھالیا ہے ۔ اس وقت ہمارے سامنے " البیان " کے ابتدائی دو شمارے ہیں جو علمی ، ادبی تحقیق اور طباعت و اشاعت ہر لحاظ سے مثالی ہیں ۔ آغاز بیان ، خود مولانا پروفیسر محمد اشرف صاحب کی قلم سے شوال کے پرچہ میں مکتوب ماجدی وحدت ملت ، جوزف کرافٹ کے مقابلہ کے جوابات اور ذی قعدہ کے پرچہ میں حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحبؒ کی وفات پر درد انگیز اداریہ " تاریخی ذمہ داریاں اور اسلامی قانون کی ضرورت و اہمیت " اہم ترین علمی ادبی اور تحقیقی مضامین ہیں جو علمی حلقوں میں حد درجہ قدر کی نگاہ سے دیکھے جائیں گے ۔ ادارہ الحق کو اس لحاظ سے بھی بڑی مسرت ہے کہ " البیان " کے مدیر مسئول مولانا فضل حق ننگرہاری ، دارالعلوم حقانیہ کے فاضل باصلاحیت اور جواں ہمت ہیں ۔ ادارہ الحق کو ان سے بجا طور پہ توقع وابستہ ہے کہ حضرت محمد اشرف صاحب کی سرپرستی میں " البیان " کے اس معیار کو برقرار رکھتے ہوئے اسے مزید بڑھائیں گے ۔

**القرآن الحکیم** | مکتوب و محشّیٰ ۔ مولانا محمد غوث پشاوری متوفی ۱۳۱۳ھ ۔ پتہ مولانا غلام مصطفےٰ صاحب ۔



© rasailojaraid.com